نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

<u>سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ اور زرعی ٹیوب ویلز سولرائزیشن پروگرام کی پیش رفت بارے جائزہ اجلاس کا انعقاد</u>

لاہور 31 دسمبر 2024: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ اور زرعی ٹیوب ویلز سولرائزیشن پروگرام کی پیش رفت سے متعلق جائزہ اجلاس کا انعقاد ہوا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی رجسٹریشن کا عمل جاری ہے۔اب تک 13 لاکھ 40 ہزار کسانوں نے کسان کارڈ کیلئے رجسٹریشن کرا چکے ہیں۔انھوں نے مزید کہا کہ کل 5 لاکھ 13 ہزار کسان کارڈز فیلڈ میں جا چکے ہیں۔اب تک وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے تحت 53 ارب روپے کی منظوری ہو چکی ہے۔کسان کارڈ کے ذریعے 32 ارب روپے کی خریداری ہو چکی ہے جس میں کل خریداری کا 90 فیصد صرف کھاد کے لئے استعمال ہوا۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ 9 ارب روپے کی لاگت سے وزیر اعلیٰ پنجاب زرعی ٹیوب ویلز سولرائزیشن پروگرام پر عملدرآمد جاری ہے جس کے تحت 8 ہزار بجلی و ڈیزل سے چلنے والے زرعی ٹیوب ویلز کو شمسی توانائی پر منتقل کیا جا رہا ہے۔انھوں نے کہا کہ کاشتکاروں کی سہولت کیلئے درخواستوں کی وصولی میں 6 جنوری 2025 تک توسیع کر دی گئی ہے۔اس پروگرام کے تحت حکومت پنجاب 10، 15 اور 20 کلو واٹ کیلئے بالترتیب پانچ لاکھ، ساڑھے سات لاکھ اور دس لاکھ روپے سبسڈی فراہم کر رہی ہے۔اجلاس میں سپیشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (پلاننگ) کیپٹن (ر) وقاص رشید، ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، رانا تجمل حسین اور انجنیئر ساجد ناصر سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆